Julian Abraham 'Togar' (پیدائش 1987، انڈونیشیا) ایسے بے جہت مقابلوں کی راہیں ہموار کرتا ہے جن میں انسانی اور موسیقی کی آوازوں کا ایک مجموعہ اکٹھا ہو جاتا ہے، جو اپنے سامعین کو ایک ساتھ سننے، بات چیت کرنے اور آوازیں تخلیق کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ Togar کا کام ہمیں ایک دوسرے کو قریب سے سن کر اور اپنے حواس کے ذریعے اپنے اردگرد کے ماحول میں مشغول ہو کر اپنے آپ سے اور ایک دوسرے سے اپنے تعلقات کو ہم آہنگ کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ گیلری کو سماجی تعلقات استوار کرنے کے ایک ذریعہ میں تبدیل کر کے، Togar اپنے اس کردار کو دوبارہ ترتیب دینے کی کوشش کرتا ہے، جو نمائشیں اور ادارے لوگوں کی زندگیوں میں ادا کر سکتے ہیں، یعنی اجتماعی استفسار، اصلاح کاری اور عمل درآمد کے امکانات کے ساتھ یہ لوگوں کے جن کاموں کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

اس نمائش سے پہلے کے مہینوں کے دوران، Togar نے Nottingham کی کمیونٹیز کے لوگوں کے ساتھ ملاقاتیں کیں، روابط استوار کیے اور ان کے ساتھ باہمی تعاون کا ایک سلسلہ شروع کیا، جس دوران اس نے فنون کے حوالے سے کمیونٹیز کے ایک رکن کی طرح تحقیقی کام انجام دیا۔ ایک رہائشی کے طور پر وقت گزارنے کے دوران نمائش کے حوالے سے اس کے سامنے ایک اہم استفسار آیا کہ – ہم کس قسم کے میزبان ہیں؟ *Reꓘonciliation* میں، یہ سوال بقائے باہمی اور مشترکہ پہلوؤں کے احساس کو دریافت کرنے کے لیے ایک ایسے اشارے کے طور پر کام کرتا ہے، جو کمیونٹیز کو اپنے پیش نظر رکھتا ہے۔

یہ ہمیں ایک ہی وقت میں موسیقی تخلیق کرنے اور باہمی تعاون سے سننے کے مہمان نواز اور قابل رسائی طریقوں پر غور کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

نمائش کا مرکزِ محور Togar کا جاری (*OK Studio* 2020 – اب تک) ہے، جو ایک عمیق ماحول اور متحرک مجسموں، خودکار اور خود بجائے جانے والے موسیقی کے آلات کے ایک کورس پر مرکوز ہے اور یہ کورس شرکت کنندگان یا سامعین کو ایک ساتھ مل کر تجربہ کرنے، تصوّرات کا باہمی اشتراک کرنے اور مشترکہ تخلیق سامنے لانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ Nottingham Contemporary میں، Togar اپنی سابقہ پریزنٹیشنز میں سے *OK Studio* کی تمام رعنائیوں کو ایک جگہ پر اکٹھا کرتا ہے، جبکہ نئی آوازوں میں گھل مل کر وہ سب کے لیے بیک وقت دستیاب اور مشترکہ صوتی جگہ تخلیق کرتا ہے، جو گیلری کو چار چاند لگا دیتی ہے اور اس میں زندگی کی سانس پھر سے دوڑنا شروع ہو جاتی ہے۔ Togar خود بھی اپنے "مختلف اوقات، سیاق و سباق اور باہمی تعلقات کو موجودہ *OK Studio* میں لانے کے اس عمل کو موافقتِ نو یا تجدیدِ تعلقات کی ایک شکل کے طور پر دیکھتا ہے۔"

OK Studio کے اجزاء کے علاوہ اس میں ٹائپوگرافک پوسٹرز اور علامات کا ایک سلسلہ بھی موجود ہے، جو آواز اور فعالیت کے سنگم پر چلتا ہے۔ آواز سے جڑی ثقافت سے وابستہ بہت سی آوازوں کا حوالہ استعمال کرتے ہوئے، وہ موافقتِ نو اور حوالہ جات میں Togar کی دلچسپی کو الفاظ کے کھیل اور دوہرے معانی میں اس کی دلچسپی کے ساتھ جوڑ دیتا ہے۔ اپنے ان کاموں کے ذریعے Togar زمرہ بندیوں کو تیار کرنے، انہیں جانچنے اور ان سے انکار کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ متن کے ساتھ ایسے کھیلتے ہوئے جیسے یہ ایک میوزیکل اسکور ہو، Togar ایسے ممکنہ متبادل معانی تلاش کرتا ہے، جو ہم آہنگی میں پائے جانے والے نقائص*، تراجم کی بڑی غلطیوں و کوتاہیوں اور لمبے وقفوں میں مل سکتے ہیں۔

نمائش میں Togar کی طرف سے ڈیزائن کردہ کئی نئے تیار شدہ قالین بھی شامل ہیں، جو اس کے الفاظ کو دیواروں سے فرش تک لے جاتے ہیں اور یہ رنگ برنگے نمونے دوہرائے جانے والے الفاظ اور سطروں میں موجود متن کی غلطیوں کو چھپا دیتے ہیں۔ قالین آرام کرنے، مل بیٹھنے یا موسیقی کی محافل سجانے کے لیے ایک جگہ مہیا کرتے ہیں، جبکہ ان کی مدد سے Danarto، جو ایک انڈونیشیائی مصنف اور فنکار ہیں اور نوجوان نسلوں کو حکمت اور علم پہنچانے کے لیے اپنی لگن کے لیے جانے جاتے ہیں، کے خاکوں کو بھی ان پر نمایاں کیا گیا ہے۔

ویڈیو پر مشتمل کچھ کام جو مختلف اسکرینوں اور مانیٹروں پر دکھائے جاتے ہیں، جن میں *Drummer's Gonna Drum #1 (2017)* اور *Rocker's Gonna Rock (2021)* شامل ہیں، جو فنکار کی آواز اور ماحول کے بارے میں اس کے سمجھے جانے والے تجربات کو نمایاں کرتے ہیں، جبکہ یہ نمائش میں متحرک عناصر کے ساتھ آواز کے تعامل میں بھی اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

Reꓘonciliation کی تنصیب کے دوران Nottingham Contemporary میں ریکارڈ کیا گیا ویڈیو کا ایک نیا تفویض کردہ فنکارانہ کام، *One Jam per Week Will Do You Youth* (2024)، ایک ریہرسل کی دستاویز بندی کرتا ہے، جس میں Robin Hood Youth Orchestra 'جام' Togar کی اصل کمپوزیشن میں سے ایک کے ساتھ فنکار کا کردار ادا کرتا ہے۔
یہ یہ نغمہ خوانی کی ان غیر رسمی نشستوں کی توسیع ہے، جو انہوں نے آرٹسٹ کے ساتھ کمیونٹی میں اپنا وقت گزارنے کے دوران منعقد کی تھیں۔

آواز کی دنیا کی مشترکہ نشستیں پیش کرنے کے حوالے سے Togar کے جاری تنقیدی کام سے ماخوذ، اس نمائش میں Feedback Loop لوپ کے عنوان سے لائیو ایونٹس کی ایک سیریز بھی پیش کی جا رہی ہے، جس میں سننے کی نشستیں، غیر رسمی اجتماعات، کارکردگی کے مظاہرے، نغمہ خوانی کی غیر رسمی نشستیں اور باہمی گپ شپ کے مواقع شامل ہیں۔ موسم گرما کے دوران پیش کی جانے والی یہ نمائش مختلف اجتماعات، کمیونٹیز، تخلیق کاروں اور سامعین کی شرکت کے ساتھ بتدریج آگے بڑھے گی، جنہیں نمائش کی جگہ کو ترتیب دینے اور اسے فعال رکھنے کے لیے مدعو کیا گیا ہے اور اس میں آوازوں کا ایک شاندار سلسلہ شامل رہے گا۔ ایک ایسی رنگا رنگ جگہ کی تخلیق سے جہاں موسیقی مرکزی ذریعہ ہو اور جہاں ایک 'میزبان' اور ایک 'مہمان' کے کردار میں فرق کرنا مشکل ہو، ایسی جگہ ایک قسم کی دعوت اور کارکردگی کی مشمول شکل اختیار کر لیتی ہے۔ *Reꓘonciliation* میں، الفاظ اور آوازیں ایک دوسرے میں گھل مل جاتی ہیں اور یہ سب مل کر ایک مسلسل تال کا روپ دھار لیتی ہیں۔